
# آؤ، دہائی سمجھیں




ایک ایک کر کے جمع ہوئے دس، باندھ لو ان کا گٹھا بس۔
رکھو اس کو بائیں جانب، یاد رکھو نام ہے اس کا دہائی۔
الگ الگ تھے تب تھے وہ اکائی
بائیں جانب ہے دہائی، صفر کا مقام ہے اکائی



اکائی صفر　　دہائی ۱





آؤ، سمجھ لیں...





اکائی صفر　　دہائی ۱





اکائی صفر　　دہائی ۱

اس میں ایک گٹھا بائیں جانب ہے۔ وہ ہے دہائی۔
دہائی یعنی ایک ساتھ دس اکائی۔ اکائی باقی بچا نہیں یعنی
اس کے مقام پر ۰ لکھا۔ ۱۰ میں ۱ دہائی اور ۰ اکائی۔
اس لیے عدد دس کو علامت ۱۰ لکھتے ہیں۔

| اکائی | دہائی |
|---|---|
| ۰ | ۱ |

**برائے اساتذہ**

گٹھے کی بجائے ۱۰ پانسوں کا مینار بنایا جا سکتا ہے یا ۱۰ موتیوں کا ہار بنایا جا سکتا ہے۔
اس کی مدد سے بھی دہائی کا تصور واضح ہو سکتا ہے۔

7QYKAY